کا سارا مواد ضائع ہوچکا ہے۔ آپ نے چین کے اخبار "چینی ڈاک" (ہانگ کانگ) اور امریکی رسالہ "ٹائمز" کا ذکر کیا ہے، جس میں ڈاکٹر کورٹ برنا کی تحقیق چھاپی گئی ہے۔ اس کے علاوہ آپ نے روز نامہ الندوہ اور ہفت روزہ اخبار العالم الاسلامی (سعودی عرب) کا ذکر بھی کیا ہے۔ ازراہِ کرم ان رسالوں کے بارے میں صحیح مہینے یا ہفتے کا ذکر کیجئے تاکہ یہ بطور ریکارڈ رکھے جائیں۔ اور ضرورت کے وقت پیش کئے جاسکیں۔ (ذوالفقار علی خان تیزاب احاطہ۔ لاہور ۶)

الحق: — یہ مضمون عربی کے ایک مفصل مضمون کی تلخیص ہے جہاں سے ہم نے لیا ہے اس کے حوالے ملاحظہ فرمادیں۔

(۱) الندوہ۔ (روزنامہ مکہ مکرمہ) صـ۳ـ۔ پیر ۲۳ محرم ۱۳۹۳ھ

(۲) اخبار العالم الاسلامی (مکہ۔ رابطہ عالم اسلامی) صـ۳ـ۔ محرم ۱۳۹۳ھ

اسلام جوڑتا ہے توڑتا نہیں اس عنوان کے تحت پچھلے پرچہ میں حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی تقریر میں یہ عبارت تحریر ہے کہ (اکیلے نماز پڑھیں تو ایک اجر ہے اور جماعت سے اگر ایک نمازی بھی مقتدی ہو تو ۲۷ درجے ثواب دیا جائے گا۔) اس کا مفہوم تو واضح ہے۔ مگر آگے یہ ہے (جتنی جماعت بڑھے گی تو اتنا ثواب میں بھی اضافہ ہوگا۔) یہ مسئلہ آج تک نظر سے نہیں گذرا۔ آگے ہے (خانہ کعبہ میں ایک نماز کا اجر ایک لاکھ نمازوں کا ہے۔ الخ) تو کیا کسی زیادتی جماعت کے سبب خانہ کعبہ یا مسجد نبوی میں نماز کو فضیلت حاصل ہوتی۔ اس کی وضاحت فرمادیں۔ (محمد سلیم سلیم آباد۔ خیرپور)

الحق: — مذکورہ عبارات کا مفہوم واضح ہے۔ آخری جملہ کا یہ مقصد نہیں کہ خانہ کعبہ کی نماز کو بوجہ کثرت جماعت یہ فضیلت ہے، بلکہ اجر و ثواب میں اضافہ کی مختلف مثالیں دی گئی ہیں۔ کبھی وجہ فضیلت مکان ہوتی ہے۔ جیسے مسجد حرام، مسجد نبوی، مسجد اقصیٰ یا عام مساجد، کبھی وجہ زیادتِ ثواب مخصوص زمانہ ہوتا ہے۔ جیسے رمضان المبارک یا لیلۃ القدر وغیرہ اور کبھی مکان و زمان کے علاوہ دیگر امور ازدیاد اجر کا باعث ہوتے ہیں۔ جیسے جماعت کی کثرت اور اضافہ آخر الذکر کی تصریحات بھی سلف سے منقول ہیں۔

بذل المجہود

محدث اعظم حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری کی بلند پایہ شرح

مکمل عکسی عربی رسم الخط پر طبع ہو رہی ہے

جلد اول اعلیٰ ۳۵/- روپے خاص ۴۰/- روپے جلد چہارم اعلیٰ ۳۵/- روپے خاص ۴۰/- روپے
دوم ، ۳۵/- ، ، ۴۰/- ، پنجم ، ۳۵/- ، ، ۴۰/- ،
سوم ، ۳۵/- ، ، ۴۰/- ،

مکتبہ قاسمیہ سول ہسپتال۔ ملتان